© rasailojaraid.com



**مولانا سمیع الحق صاحب**

السلام علیکم!

آپ کا تعلیمی ادارہ متین کی خدمت کے لئے خصوصی اہمیت کا حامل ہے، اور ایک خاص نام اور مقام حاصل کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے مدرسے کو مزید برکات سے نوازے۔ اپنی مطبوعات بھیجنے کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انشاء اللہ کبھی آپ کے مدرسے کی زیارت کیلئے حاضری دوں گا۔ آپ کی صحت ودرازی عمر کے لئے دعاگو ہوں۔

شکریہ

آپ کا مخلص

(ڈاکٹر عبدالقدیر خان نشان امتیاز)

ریسرچ لیبارٹریز کہوٹہ

حبیب اللہ انیس آباد، خالدبن ولید کالونی پشاور

افغانستان میں آپ حضرات کے دعاؤں کے برکت سے طالبان تحریک کے طفیل اسلام کا جھنڈا بلند ہوا ہے۔ جس پر ہمیں بے حد خوشی ہوئی ہے اور ہم ان کے پاک مشن کی کامیابی کے لیے ہمہ وقت دست بدعا ہیں۔

اس لئے آپ حضرات ہمارے جذبات طالبان کے نمائندوں کو اصلاح کے لیے پہنچائیں۔ ہمارا یہ مطالبہ ہے کہ تبلیغ کے علاوہ اور بھی کوئی مخلص موحد اسلامی تحریک ہو تو اسکی قدر کریں اور ان کی غلطیوں کی نرمی سے سیرت محمد مصطفیٰؐ کے مطابق اصلاح کریں۔ اس کے علاوہ افغانستان کے مسلمانوں میں اسلامی جذبہ کی روح پھونک کر ان کو اپنے ساتھ شامل کر کے ان کی مدد سے اپنے صفوں کو مضبوط بنادیں اور منافقین اور طاغوتی طاقتوں کے ہر حربہ کو تدبر اور ایمانی طاقت سے ناکام بنادیں۔

رب العزت طالبان کو پورے افغانستان میں مکمل فتح عطا کر کے ان کی بدولت وہاں اور پوری دنیا میں اسلام کا بول بالا فرمادیں۔ (آمین)



© rasailojaraid.com